| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ث‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’ث‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے ’ث‘ لکھ سکیں حرف ’ث‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ’ث‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی اُردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ اور ’ا سے لے کر ’ث‘ تک درست تلفظ صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ث‘ کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** معلّمہ ہاتھ میں حرف ’ث‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔ اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر ’ث‘ کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف ’ث‘ ہوں دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور حرف ’ث‘ کی آدھی شکل ’ث‘ کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ ’ث‘ حروف تہجی کا ساتواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ث‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف ’ث‘ کے ذخیرہ الفاظ ثمر، ثواب، ثلث اور ثابت فلیش کارڈ کے ذریعے کروائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ث‘ سے بہت کم الفاظ شروع ہوتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ث‘ کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر تین نقطے ہوتے ہیں۔ تختہ سفید / سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔ جس پر بچوں کو حرف ’ث‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ’ث‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | حرف ’ث‘<br>Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 14 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف ’ث‘ پر انگلی پھیریے اور اُس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ حرف ث سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر ث ثمر، ث ثابت وغیرہ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں بچے مختلف پھلوں میں رنگ بھریں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ پھلوں کو ثمر کہتے ہیں۔ بچے ث کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 14<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف ’ث‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ث' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'ث' لکھ سکیں حرف 'ث' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔حرف 'ث' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو 'ث' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ث کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ثمر کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ پھل جب اکٹھے ہوں تو اُن کو ثمر کہا جاتا ہے۔ بچوں سے اُن کے پسندیدہ پھلوں کے بارے میں پوچھا جائے گا اور اُن کو بتایا جائے گا کہ پھل ہمارے لیے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل بنوایئے تا کہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہو جائے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ 'ث' اور نقطوں کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے بچوں کو کہا جائے گا 'ث' کٹ آؤٹ کو میز پر رکھیں۔ اور 'ب' سے لے کر 'ث' تک کٹ آؤٹس پر نقطے لگائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ث' پر انگلی کی مدد سے رنگ بھریں گے اور 'ث' کی پوری شکل پر پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | کٹ آؤٹ، نقطے کٹ آؤٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ثمر، ثواب، ثلث ثابت کی ابتدائی پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ث' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ث' لکھ سکیں حرف 'ث' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ث' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ث' سے ثواب کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیں کیا کام کرنے سے ثواب ملتا ہے۔ بچوں کو تاکید کریں کے روزانہ ایسے کام کیا کریں جن سے ہمیں ثواب ملے۔ بچوں کو کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ث' بنایئے۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ث' کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی جس میں وہ حرف 'ث' اور حرف 'پ' میں سے حرف 'ث' کی نشاندہی کریں گے۔<br>بچوں سے 'ث' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ ثابت تربوز میں رنگ بھریں گے اور 'ث' کی آدھی شکل میں پینسل پھیریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید / سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'ث' سے بنی ہوئی چیزوں میں رنگ بھریں گے اور 'ث' کی آدھی شکل پر پینسل پھیریں گے۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br><br><br><br><br><br><br>ورک شیٹ<br><br><br><br><br><br><br><br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ث‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ث‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/بناوٹ سے ’ث‘ لکھ سکیں حرف ’ث‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔حرف ’ث‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ث‘ کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی ۔حرف ’ث‘ کا تلفظ اور اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ث‘ کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ث‘ سے زیادہ الفاظ نہیں بنتے اُن کو صفحہ نمبر 14 کے الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اُن کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے تختہ سیاہ/سفید پر ب تا ث حروف پہیلی کے ذریعے لکھوائے جائیں گے ۔مثال کے طور پر میں ’ب‘ خاندان کا ایک حرف ہوں میرے اوپر تین نقطے ہیں ۔ میں کون ہوں ۔اسی طرح باقی حروف بھی پوچھے جائیں گے ۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 15 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں ۔ بتایئے ۔بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف ’ث‘ کو اُس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے اور نیچے دی گئی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 15 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ا سے لے کر ث‘ تک حروف تختہ سیاہ/سفید پر لکھوائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ث' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'ث' لکھ سکیں حرف 'ث' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔حرف 'ث' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ث' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے ۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>تختہ سیاہ پر ایک دائرہ بنایا جائے گا اور ان کو بتایا جائے گا کہ جب ہم ایک دائرے کو 4 حصوں میں تقسیم کرتے ہیں تو ایک حصے کو ثلث کہتے ہیں ۔ بچوں کو پہلے ایک ثابت سیب دکھایا جائے گا کہ یہ ثابت ہے پھر اُس کے چار حصے کیے جائیں گے اور ایک حصہ پکڑ کر بتایا جائے گا کہ یہ ثلث ہے۔ | 5 منٹ | سیب<br>Sand Tray | |
| | بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ث' کی درست بناوٹ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ث' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے ۔ | 2 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | | | |